# اوٹائٹس میڈیا (کان کا درد)

**اس مشورے کا مقصد والدین/نگہداشت کاروں کا ڈاکٹر سے معائنہ کروانے کے بعد اپنے بچے کو گھر لے جانا ہے۔ آپ کے ڈاکٹر آپ کے بچے کی حالت کے پیش نظر مختلف علاجات کی سفارش کرسکتے ہیں۔**

SCAN ME

وسطی کان کے پیچھے چھوٹی سی ایک جگہ ہے؛ یہ جگہ عام طور پر ہوا سے بھری ہوتی ہے۔ اوٹائٹس میڈیا وسطی کان کا انفیکشن ہے جو سوزش اور مائع کے اکٹھے ہو جانے کا سبب بنتا ہے۔ یہ اکثر اوقات انتہائی تکلیف دہ اور بلند درجہ حرارت کے ساتھ ہوتا ہے۔

**اوٹائٹس میڈیا کی علامات میں یہ شامل ہیں:**

- کان کا درد
- بخار
- سخت تکلیف
- کان کو کھرچنا، جھٹکے دینا یا رگڑنا
- تھوڑا سا سماعتی نقصان

زیادہ تر حالات میں درمیانی کان کے انفیکشن کی علامات جلد ہی پیدا ہو جاتی ہیں اور چند ہی دنوں میں ختم ہوجاتی ہیں۔ بعض صورتوں میں کان کے اندر سے پیپ بہہ سکتی ہے۔ یہ وہ سیال ہے جو کان کے پردے کے پیچھے جمع ہو جاتا ہے جس کے سبب کان میں ایک چھوٹا سا سوراخ پیدا ہو جاتا ہے؛ جو کہ خود بخود ہی ٹھیک ہوجاتا ہے۔

## وجوہات

کم سن بچوں (5 سال سے کم عمر) میں کان کے درد/ اوٹائٹس میڈیا کے زیادہ تر معاملات  وائرل انفیکشن کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں؛ آپ کے بچے کی ناک بہہ سکتی ہے یا اسے کھانسی یا کان کا درد ہوسکتا ہے۔ یستاچیئن ٹیوب [کان اور خلق کے درمیان کی نالی] ایک چھوٹی سی ٹیوب ہے جو درمیانی کان کو گلے کے پچھلے حصے سے جوڑتی ہے۔ اس کا بنیادی کام کان کے اندر ہوا کے دباؤ کو منظم کرنا ہوتا ہے۔ اس کا دوسرا کام کسی ایسے سیال یا بلغم کو جو کہ اکٹھا ہو جائے باہر نکالنا ہوتا ہے۔ معمول کی 'سردی' یسٹاچیئن کو بلاک کرنے کا سبب بن سکتی ہے جو کہ سیال یا بلغم کے اکٹھا ہونے کا سبب بنتی ہے اور اس کی وجہ سے درد ہوتا ہے۔

## علاج

اوٹائٹس میڈیا [کان کا درد] سے متاثرہ زیادہ تر بچوں کو اینٹی بائیوٹکس کے ذریعے علاج کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ اینٹی بائیوٹیکٹس تیزی سے تندرست کرنے میں شاذ و نادر ہی کام آتی ہے اور اکثر اوقات مضر اثرات کا سبب بنتی ہے جیسا کہ جلد پر دھبے اور اسہال۔ اس سے آپ کے بچے میں اینٹی بائیوٹک مزاحم بیکٹیریا کی نشوونما کو بھی فروغ ملتا ہے۔

اینٹی بائیوٹکس تجویز کرنے پر بالعموم تب ہی غور کیا جاتا ہے جب آپ کا بچہ:

- 6 ماہ کی عمر سے کم ہے اور اس کو کان کا درد ہے۔
- اس کے کان سے پیپ بہہ رہی ہے۔
- اس کو صحت کی سنگین صورتحال کا سامنا ہے جس کی وجہ سے وہ شدید انفیکشن کا شکار ہوجاتا ہے۔
- اگر آپ کے بچے میں اس کے علاوہ شدید انفیکشن کی کوئی کیفیات موجود ہیں (سرخ یا امبر کی خصوصیات جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے) تو ہیلتھ کیئر پروفیشنل کے ذریعے اس کا فوری طور پر جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔

آپ مندرجہ ذیل کے ذریعے علامات دور کرنے میں مدد حاصل کرسکتے ہیں:

- درد کو دور کرنے میں مدد کے لیے اپنے بچے کو پیراسیٹامول یا آئبوپروفین دینا
- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ کافی مقدار میں پانی نوش کرے۔

## روک تھام

کان کے انفیکشن کی روک تھام ممکن نہیں ہے؛ البتہ، آپ ایسے کام کرسکتے ہیں جس سے آپ کے بچے کی تکلیف میں اضافے کے امکانات کم ہوسکتے ہیں:

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو حفاظتی ٹیکوں کا کورس مکمل کروایا گیا ہو۔

اپنے بچے کو تمباکو نوشی والے ماحول کا سامنا کرنے سے محفوظ رکھیں (غیر فعال سگریٹ نوشی)۔

## مجھے کب مدد حاصل کرنی چاہئے؟

| | | |
|---|---|---|
| سرخ | **اگر آپ کے بچے میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی علامت ہے:**<br>• ہونٹوں کے ارد گرد کی رنگت نیلی ہو رہی ہو؛<br>• اس کے سانس لینے میں وقفہ آ رہا ہے یا سانس لینے میں بے قاعدگی ہے۔<br>• سانس اس قدر پھولی ہوئی ہے کہ کھا/پی نہیں سکتا۔<br>• پیلا، دھبے دار ہو جائے اور غیر معمولی سردی محسوس ہوتی ہو؛<br>• غشی/بیماری کے دورے پڑ رہے ہوں۔<br>• انتہائی ہیجان زدہ ہوجاتا ہو (توجہ منتشر کرنے کے باوجود بھی شَکِستہ دِلی سے روتا ہو)، الجھا ہوا یا بہت سست ہو ( مشکل سے بیدار ہوتا ہو)۔<br>• ایسے دھبے لگ ہوئے ہوں جو دباؤ سے ختم نہ ہوتے ہوں('گلاس ٹیسٹ')۔<br>• 1 ماہ کی عمر سے کم ہے اور درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ/ 100.4فارن ہائیٹ یا زیادہ ہے۔ | **اگر آپ کے بچے میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی علامت موجود ہے:**<br>قریب ترین ہسپتال کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ جائیں یا **999** پر فون کریں۔ |
| عنبر | **اگر آپ کے بچے میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی علامت موجود ہے:**<br>• کان سے پیپ باہر آرہی ہے۔<br>• کان کے پیچھے سوجن یا کان کے پیچھے درد / لالی میں اضافہ ہو رہا ہے۔<br>• چکر آتے ہیں یا وہ اپنا توازن برقرار نہیں رکھ پا رہا۔<br>• غنودگی چھا رہی ہے (ضرورت سے زیادہ نیند آنا) یا چڑچڑا پن (کھلونوں، ٹی وی، کھانے یا اٹھا لینے سے پر مطمئن نہیں کیا جا سکتا)- خاص طور پر اگربخار کم ہونے کے باوجود بھی وہ غنودگی یا پریشانی کے عالم میں رہتا ہے۔<br>• شدید نوعیت کےسر درد اور گردن میں اکڑن / تکلیف یا تیز روشنی سے ڈر یا خوف کی شکات کر رہا ہے (فوٹو فوبیا)۔<br>• سانس لینے میں تکلیف ہو رہی ہے، جیسا کہ تیز تیز سانس لینا، سانس کا پھول جانا یا مشکل سے سانس لینا (جب وہ اندر کی طرف سانس لیتا ہے تو پسلیوں کے نیچے پٹھے کھینچ جاتے ہیں)۔<br>• پانی کی کمی محسوس ہوتی ہے (ڈوبتی آنکھیں، نیند آتی ہے یا 12 گھنٹوں تک پیشاب نہیں آتا)۔<br>• شدت کی کپکپاہٹ ہے یا پٹھوں میں درد کی شکایت کرتے ہیں۔<br>• عمر 1-3 ماہ ہے جبکہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ/100 فارن ہائیٹ سے اوپر ہے؛ یا عمر 3-6ماہ ہے اور درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ/102.2 فارن ہائیٹ یا اس سے اوپر ہے (لیکن ویکسین دیے جانے کے 2 دن بعد تک بچوں میں بخار عام ہوتا ہے)۔<br>• درجہ حرارت مسلسل 5 دنوں تک 38.0 ڈگری سینٹی گریڈ یا اس سے اوپر رہتا ہے۔<br>• صورتحال بدتر ہو رہی ہے یا آپ پریشان ہیں۔ | **آپ کو آج ہی نرس یا ڈاکٹر کے ساتھ رابطہ کرنے کی ضرورت ہے۔**<br>براہ کرم اپنی جی پی سرجری کو فون کریں یا این ایچ ایس **111** پر کال کریں۔ |
| سبز | اگر مذکورہ بالا سرخ یا عنبر خانوں میں درج کردہ کوئی بھی کیفیات موجود نہیں ہیں۔ | **ذاتی دیکھہ بھال**<br>گھر پر اپنے بچے کو دیکھ بھال فراہم کرنا جاری رکھیں۔ اگر آپ اپنے بچے کے بارے میں اس کے باوجود بھی فکر مند ہوں تو اپنے جی پی سے رابطہ کریں یا – **111** پر فون کریں۔ |

رائل ہاسپٹل فار چلڈرن، گلاسکو – گزشتہ تجدید: نومبر، 2020
*مندرجات کو what0-18.nhs.uk پر ہیلتھیئر ٹوگیدر انیشی ایٹیو کے دستیاب وسائل سے بذریعہ اجازت تیارکیا گیا ہے۔*